فوری ریلیز کے لیے: 28/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے بارز اور ریسٹورنٹس میں رقص پر عائد فرسودہ پابندیوں کے خاتمے کے لیے نئی پالیسی کا اعلان کر دیا

ریاست نیو یارک کی لیکر اتھارٹی اب آن پریمسز لائسنس کی درخواستوں کے لیے گاہکوں کے رقص سے متعلق معلومات نہ طلب کرے گی اور نہ ہی اُن پر غور کرے گی

یہ تبدیلی بارز اور ریسٹورنٹس کے لیے عمل کو آسان بناتی ہے نیز نیو یارک کی مہمان نوازی کی انڈسٹری کی معاونت بھی کرتی ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج بارز اور ریسٹورنٹس میں رقص پر عائد فرسودہ پابندیوں کے خاتمے کے لیے ایک نئی پالیسی کا اعلان کیا۔ فوری طور پر نافذ العمل، ریاست نیو یارک کی لیکر اتھارٹی (New York State Liquor Authority, SLA) اب درخواست دہندگان سے یہ ظاہر کرنے کا تقاضا نہیں کرے گی کہ آیا گاہکوں کو رقص کی اجازت ہوگی یا نہیں اور نہ ہی آن پریمسز لائسنس کی درخواستوں کا جائزہ لیتے وقت گاہکوں کے رقص سے متعلق درخواست میں شامل سوالات پر غور کرے گی۔ یہ پالیسی کی تبدیلی گورنر Hochul (ہوکل) کی اُن وسیع تر کوششوں کو آگے بڑھاتی ہے جن کا مقصد نیو یارک بھر میں لائیو پرفارمنسز، فنون اور تفریحی سرگرمیوں کی معاونت کرنا اور ریاست کی نائٹ لائف اور مہمان نوازی کی انڈسٹری کو متاثر کرنے والی پالیسیوں کو جدید بنانا ہے۔

"نیو یارک کی مہمان نوازی کی انڈسٹری بے مثال ہے اور ہمارے ریسٹورنٹس، بارز، اور نائٹ لائف اُن اہم عناصر میں شامل ہیں جو ہماری کمیونٹیز کو اتنا متحرک بناتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "رقص پر عائد اس فرسودہ پابندی کو ختم کر کے، ہم کاروباروں کے لیے کامیاب ہونا آسان بنا رہے ہیں اور نیو یارک کے باشندوں اور وزیٹرز دونوں کو اُس توانائی اور جوش و خروش کا تجربہ کرنے کا بہتر موقع فراہم کر رہے ہیں جو ہماری ریاست کی پہچان ہے۔"

ریاست نیو یارک کی لیکر اتھارٹی کی چیئر Lily M. Fan (لِلی ایم فین) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) نے واضح کر دیا ہے کہ نیو یارک کو ایسی متحرک کمیونٹیز، ترقی کرتے ہوئے چھوٹے کاروباری ادارے اور ایسی مہمان نوازی کی انڈسٹری کی معاونت کرنی چاہیے جو اس انداز کی عکاسی کرتی ہو جس طرح آج لوگ زندگی گزارتے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ ملتے جلتے ہیں۔ یہ تبدیلی بالکل یہی کام کرتی ہے۔ SLA کی توجہ عوامی تحفظ، معیار زندگی اور لائسنس یافتہ کاروباری اداروں کے مجموعی آپریشن پر ہونی چاہیے، نہ کہ اس بات پر کہ گاہک رقص کرنے کا انتخاب کرتے ہیں یا نہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، ہم غیر ضروری رکاوٹوں کو ختم کر رہے ہیں اور اُن ریسٹورنٹس، بارز اور مقامات کی معاونت جاری رکھے ہوئے ہیں جو نیو یارک کی کمیونٹیز کو متحرک، دلکش اور توانائی سے بھرپور بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ رقص روح کے لیے فائدہ مند ہے۔ آئیے جشن منائیں!"

اس نئی پالیسی کے تحت اہم تبدیلیاں درج ذیل ہیں:

- آن پریمسز کے لیے لیگر لائسنسز کی درخواستوں کا جائزہ لیتے وقت SLA اب گاہکوں کے رقص سے متعلق جوابات پر غور نہیں کرے گی۔

- درخواست دہندگان کو اب اتھارٹی کی آن پریمسز لائسنس درخواست، طریقۂ کار میں تبدیلی کی درخواست (Method of Operation Change Application)، میونسپل نوٹس فارم، عوامی مفاد کے سوالنامے اور دیگر متعلقہ مواد میں یہ ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی کہ آیا گاہکوں کو رقص کی اجازت ہوگی یا نہیں۔
- درخواست دہندگان اپنی درخواست کے جائزے پر کسی اثر کے بغیر ایسے سوالات کو ترک کر سکتے ہیں یا خالی چھوڑ سکتے ہیں۔
- یہ پالیسی کی تبدیلی تمام نئی درخواستوں پر لاگو ہوگی جن میں وہ درخواستیں بھی شامل ہیں جو اس وقت زیرِ جائزہ ہیں لیکن ابھی تک منظور نہیں کی گئی ہیں۔

نیو یارک سٹی ہاسپیٹیلٹی الائنس (New York City Hospitality Alliance) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Andrew Rigie (اینڈریو ریجی) اور نیو یارک سٹی ہاسپیٹیلٹی الائنس کے قانونی مشیران Robert Bookman (رابرٹ بک مین) اور Max Bookman (میکس بک مین) نے کہا، "ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور اسٹیٹ لیکر اتھارٹی کی چیئر Fan (فین) کو سراہتے ہیں کہ انہوں نے NYC ہاسپیٹیلٹی الائنس کے ساتھ مل کر SLA کے لائسنسنگ پراسیس سے رقص سے متعلق فرسودہ پابندیوں کو ہٹایا جو امتیازی کیبریٹ قانون کے تاریخی خاتمے کے بعد ایک اہم قدم ہے۔ یہ تبدیلی نیو یارک سٹی میں رقص اور ثقافتی اظہار پر عائد فرسودہ پابندیوں کے خاتمے کے لیے کئی دہائیوں پر محیط وکالت اور کوششوں کو مزید آگے بڑھاتی ہے۔ نیو یارک کے باشندے اور دنیا بھر سے آنے والے زائرین ایک دوسرے سے ملنے، جشن منانے، رقص کرنے اور ہماری متحرک نائٹ لائف کا تجربہ کرنے کے لیے باہر نکلتے ہیں اور یہ اقدام اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے کہ ہر شخص زیادہ آزادی اور تحفظ کے ساتھ جشن منا سکے اور ایک دوسرے سے جڑ سکے۔"

امپائر اسٹیٹ ریسٹورنٹ اینڈ ٹیورن ایسوسی ایشن (Empire State Restaurant and Tavern Association) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Scott Wexler (اسکاٹ ویکسلر) نے کہا، "صد شکر کہ اسٹیٹ لیکر اتھارٹی نیو یارک کے بارز اور ریسٹورنٹس میں 'ڈانسنگ پولیس' کو ختم کر رہی ہے۔ تقریباً 100 سال تک، یعنی پابندیِ شراب (Prohibition) کے خاتمے کے بعد سے، ریسٹورنٹس کے مالکان کو گاہکوں کو رقص کی اجازت دینے کے لیے لیکر اتھارٹی سے خصوصی اجازت حاصل کرنا پڑتی تھی۔ ایسے حالات میں جو فلم 'Footloose' کے کسی منظر سے مشابہ لگتے تھے، مالکان کو اپنے گاہکوں کو جوک باکس کی دھنوں پر رقص کرنے سے روکنا پڑتا تھا، ورنہ انہیں اپنا کاروبار بند ہونے کا خطرہ لاحق ہو جاتا تھا۔ اس دانشمندانہ تبدیلی کے ذریعے لیکر اتھارٹی نیو یارک کے باشندوں کے ڈانس کارڈ پر پڑا پردہ ہٹا رہی ہے، تو آئیے رقص کریں!"

نیو یارک اسٹیٹ لیٹینو ریسٹورنٹ بار اینڈ لاؤنج ایسوسی ایشن (New York State Latino Restaurant Bar & Lounge Association) کی صدر Sandra Jaquez (سینڈرا جاکیز) نے کہا، "نیو یارک کے اقلیتی ملکیت والے ریسٹورنٹس، بارز اور لاؤنجز کے لیے موسیقی اور رقص اس بات کا بنیادی حصہ ہیں کہ ہماری کمیونٹیز کس طرح اکٹھی ہوتی ہیں، جشن مناتی ہیں اور متحرک محلوں کی معاونت کرتی ہیں۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور چیئر Lily Fan (للی فین) کو سراہتے ہیں کہ انہوں نے گاہکوں کے رقص سے متعلق فرسودہ پابندیوں کو ختم کیا اور نیو یارک کے مہمان نوازی کے قواعد کو جدید بنانے کی جانب ایک دانشمندانہ قدم اٹھایا۔ یہ تبدیلی چھوٹے کاروباری اداروں کو اپنے گاہکوں کی بہتر خدمت کرنے، تجارتی راہداریوں کو مضبوط بنانے اور ریاست بھر کی کمیونٹیز کی ثقافت اور معیشت میں اپنا کردار جاری رکھنے میں مدد دے گی۔"

نیو یارک اسٹیٹ ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن (New York State Restaurant Association) کی صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر Melissa Fleischut (میلیسا فلیشٹ) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) اور اسٹیٹ لیکر اتھارٹی کا شکریہ کہ انہوں نے ضابطہ جاتی غیر ضروری پیچیدگیوں کا مسئلہ حل کیا۔ آج کا فیصلہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ فرسودہ شراب سے متعلق قوانین کو جدید بنانے اور اپ ڈیٹ کرنے کے اپنے مسلسل عزم پر قائم ہیں جو ریسٹورنٹ یا بار کھولنے اور اسے برقرار رکھنے کو مشکل بنا دیتے ہیں۔ ہم اُن کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں تاکہ مہمان نوازی کی انڈسٹری کو ترقی کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔"

وہ لائسنس ہولڈرز جن پر اس وقت گاہکوں کے رقص سے متعلق پابندیاں عائد ہیں، اگر وہ اپنے ادارے میں رقص کی اجازت دینا چاہتے ہیں تو اپنے طریقۂ کار میں ترمیم کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

SLA عوامی سہولت و فائدے اور مجموعی طریقۂ کار کی بنیاد پر ہر درخواست کا جائزہ لینا جاری رکھے گی نیز شور و غل، ہنگامہ آرائی اور عوامی تحفظ سے متعلق تمام قوانین اور ضوابط پر بھی عمل درآمد کراتی رہے گی۔ کاروباری اداروں کو رقص، تفریحی سرگرمیوں اور جگہ کے استعمال سے متعلق تمام قابلِ اطلاق میونسپل قوانین، ضوابط اور زوننگ تقاضوں کی پابندی جاری رکھنی ہوگی۔

اس نئی پالیسی سے متعلق مزید رہنمائی **SLA کی ویب سائٹ** پر دستیاب ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں